**05.10.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..............................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کا ہر فیصلہ اور پالیسی وکست بھارت کو وقف ہے۔
- ☆ ہریانہ کے واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات میں 61 فیصد سے زیادہ ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ ووٹوں کی گنتی جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کے ساتھ منگل کو ہوگی۔
- ☆ دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDO نے راجستھان کے پوکھرن میں چوتھے سلسلے کے بہت کم دوری کے فضائی دفاعی نظام کی پروازوں کی کامیاب آزمائش کی۔
- ☆ اسرائیل کی جانب سے مختلف محاذوں پر اپنی کارروائی میں تیزی لانے کے اشارے کے بعد مغربی ایشیا میں صورتحال بدستور کشیدہ بنی ہوئی ہے۔
- ☆ اور خواتین کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں شارجہ میں گروپ اے کے مقابلے میں آسٹریلیا نے سری لنکا کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔ انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان دوسرا میچ جاری ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Brand New PM Maharastra***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ وکست بھارت کے حصول کیلئے ممبئی اور تھانے جیسے شہروں کو مستقبل کیلئے تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ مہاراشٹر کے تھانے ضلع میں 32 ہزار 800 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کا ہر فیصلہ، عزم اور خواب وکست بھارت کو وقف ہے۔

S/B 2100 PM Thane

جناب مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی پروجیکٹ ممبئی کی تصویر بدل رہے ہیں اور اِن سے لوگوں کو

بے پناہ فائدہ ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ پروجیکٹ صنعتوں کی ترقی کے ساتھ ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا کریں گے۔

S/B 2100 PM Thane Projects

وزیر اعظم مودی نے اپوزیشن مہاوکاس اگھاڑی پر پروجیکٹوں میں رکاوٹیں پیدا کرنے کا الزام لگایا جب اُن کا اتحاد اقتدار میں تھا۔

S/B 2100 PM Congress

مراٹھی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ دیئے جانے کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِس بات پر زور دیا کہ یہ صرف مہاراشٹر اور مراٹھی زبان کا احترام نہیں ہے بلکہ اُس روایت کو اعزاز بخشنا ہے جس نے بھارت کو علم، فلسفے، روحانیت اور ادب کی مالامال ثقافت عطا کی۔x

## PM Khadi India

وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے کھادی انڈیا کی جانب سے فروخت کا نیا ریکارڈ بنائے جانے کی آج ستائش کی ہے۔ گاندھی جینتی کے موقع پر نئی دلّی میں کھادی بھون میں صرف ایک دن میں دو کروڑ ایک لاکھ 37 ہزار روپئے کی اشیاء فروخت کی گئی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے اِس حصولیابی کو حوصلہ افزا قرار دیا۔ جناب مودی نے یہ کہتے ہوئے اِس پر خوشی کا اظہار کیا کہ اِس حصولیابی سے کھادی سے وابستہ افراد کو بھی مدد ملے گی۔اِس دوران، وزیر داخلہ امت شاہ نے وزیر اعظم نریندر مودی کی کھادی اور مقامی اشیاء خریدنے کی اپیل کو ایک تحریک قرار دیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ اُن کی زیر قیادت کھادی کی صنعت اب نئے ریکارڈ قائم کر رہی ہے۔x

## Eve Haryana Assembly Polls

ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ پُرامن رہی۔ شام چھ بجے تک 61 فیصد سے زیادہ ووٹنگ درج کی گئی۔ نوجوانوں، بزرگ افراد اور معذور افراد میں ووٹنگ کیلئے کافی جوش وخروش دیکھا گیا۔ 100 سال سے زیادہ عمر کے کچھ بزرگ افراد پولنگ بوتھ پر آئے اور انھوں نے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ.................

VC Ashwini Sharma

ہریانہ اسمبلی انتخابات میں آج ایک ہزار 31 امیدواروں کا سیاسی مستقبل الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بند ہوگیا اور اب 8 اکتوبر کو ووٹنگ کی گنتی کے روز اُس کا فیصلہ ہوگا۔ آج کے انتخابات میں جن اہم سیاستدانوں کا سیاسی مستقبل طے ہوگا اُن میں موجودہ وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی، سابق وزیر اعلیٰ بھوپیندر سنگھ ہڈّا، سابق نائب وزیر اعلیٰ دشینت چوٹالہ، ہریانہ کے داخلی امور کے سابق وزیر انل وِج، INLD رہنما ابھے سنگھ چوٹالہ، کشتی کھلاڑی سے سیاستداں بنی، دنیش فوگاٹ، سابق مرکزی وزیر بریندر سنگھ کے بیٹے برجیندر سنگھ اور نوجوان رہنما شروتی چودھری اور ادتیہ سرجے والا شامل ہیں۔

چنڈی گڑھ سے اشونی کمار شرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Maha Rahul Gandhi

کانگریس کے رہنما راہل گاندھی نے آج ملک میں 50 فیصد ریزرویشن کی حد کو ہٹانے اور ذات پر مبنی سروے کرانے کا وعدہ کیا۔ مہاراشٹر کے کولھاپور میں سَموِدھان سمّان سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے جناب گاندھی نے بھارت کے آئین کے تحفظ کیلئے مذکورہ دونوں اقدامات کو بے حد اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کاغذات پر مبنی مردم شماری کے ساتھ ساتھ سماجی اور اقتصادی سروے اور ملک کے اہم اداروں میں مختلف برادریوں کی حصے داری کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے۔

2100- Final- Rahul Gandhi

## Jharkhand BJP Manifesto

آج BJP نے جھارکھنڈ میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے پانچ اہم نکات پر مبنی اپنا منشور ''پنچ پرن'' جاری کیا۔ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے انچارج شیوراج سنگھ چوہان اور معاون انچارج ہیمنت بسوا سرما کی موجودگی میں مختصر منشور جاری کرتے ہوئے BJP کے ریاستی سربراہ بابولال مرانڈی نے کہا کہ "Gogo Didi" یوجنا کے تحت ریاست کی ہر خاتون کو ہرمہینے دو ہزار ایک سو روپے دیئے جائیں گے۔ سبھی کنبوں کو LPG کا ایک سلینڈر 500 روپے میں فراہم کیا جائے گا اور دو تہواروں کے موقع پر دو مفت سلینڈر دیئے جائیں گے۔ بے روزگار گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ نوجوانوں کو دو سال تک ہر مہینے دو ہزار روپے ملیں گے۔ انھوں نے کہا کہ پانچ برس میں روزگار کے پانچ لاکھ مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ دولاکھ 87 ہزار خالی سرکاری نوکریوں کو مقررہ وقت میں پُر کیا جائے گا۔x

## Vice Pres Northeast

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا ہے کہ شمال مشرق کا خطہ ملک کا دِل اور روح ہے۔ نئی دلّی میں ایک نجی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے اِس بات پر زور دیا کہ شمال مشرق محض ایک جغرافیائی خطہ نہیں بلکہ ثقافت، روایت اور قدرتی خوبصورتی کا ایک بے مثال گلدستہ ہے جس میں بھارت کی روح پنہا ہے۔ نائب صدر نے خطے کی گوناگوں روحانی اور قدرتی وراثت کے ساتھ ساتھ اُس کی منفرد وراثت، کھان پان اور لوگوں کی توانائی کی ستائش کی۔

جناب دھنکھڑ نے حال ہی میں آسامی زبان کو کلاسیکی درجہ دیئے جانے کا بھی ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے ملک کے مالامال ثقافتی ورثے اور یگانگت کا اظہار ہوتا ہے۔

میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے لوگوں سے شمال مشرق کے سفیر بننے اور خطے کی سیاحت سے متعلق امکانات اور ترقی کی خاطر کام کرنے پر زور دیا۔x

## Amit Shah Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ریاستوں میں سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے پیر کے روز ایک میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ یہ میٹنگ نئی دلّی میں ہوگی اور اِس میں وزارت داخلہ کے سینئر عہدیداران اور سکیورٹی ایجنسیاں بھی شرکت کریں گے۔x

## NIA JEM Searches

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے آج جموں وکشمیر، مہاراشٹر، اترپردیش، آسام اور دلّی میں 22 مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ تلاشی کی یہ کارروائیاں دہشت گرد گروپ جیش محمد سے وابستہ سرگرمیوں کے ایک معاملے کے سلسلے میں انجام دی گئیں۔x

## DRDO Vshorads

دفاعی تحقیق و ترقی کے ادارے DRDO نے راجستھان میں پوکھرن فائرنگ فیلڈ رینج میں چوتھے سلسلے کے انتہائی مختصر فاصلے کے فضائی دفاعی نظام VSHORADS کی تین پروازوں کا کامیاب تجربہ کیا۔ پچھلے دو دنوں کے دوران زیادہ سے زیادہ فاصلے اور زیادہ سے زیادہ اونچائی کے انتہائی اہم پیمانوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے تیز رفتار ہدف کے خلاف اِن پروازوں کی کامیاب آزمائش کی گئی۔ وزارت دفاع نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِن ترقیاتی آزمائشوں نے قریب آنے، پیچھے ہٹنے اور عبور کرنے کے طریقوں کا احاطہ کرتے ہوئے مختلف ہدف کے کے پس منظر میں ہتھیاروں کے نظام کی نشانہ بناکر مارنے کی صلاحیت کو اجاگر کیا۔ VSHORADS ایک اہم قابل منتقلی فضائی دفاعی نظام ہے، جسے ریسرچ سینٹر Imarat (آر سی آئی) نے دیگر DRDO لیباریٹریوں اور ترقیاتی اور پیداواری شراکت داروں کے ساتھ مل کر مقامی طور پر ڈیزائن اور تیار کیا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے DRDO اور مسلح افواج نیز صنعت کو اِن پروازوں کی کامیاب آزمائش پر مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس یہ نیا میزائل، مسلح افواج کو فضائی خطرات کے خلاف تکنیکی صلاحیت میں مزید اضافہ کرے گا۔ x

## Karnataka Ashwini Vaishnav

ریلویز کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ میٹرو ریل، مضافاتی ریل اور ریلوے لائن کنیکٹیوٹی سے بینگلورو میں لوگوں کی آمد و رفت بہتر ہوگی۔ جناب ویشنو، آج بینگلورو میں چھاؤنی ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری اور تعمیرِ نو کے پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا کے افراد سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ بینگلورو میں سرکلر ریل کیلئے BPR، دسمبر تک تیار ہوجائیں گے۔ انھوں نے مطلع کیا کہ انہوں نے جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ ریلویز، Kempegowda بین الاقوامی ہوائی اڈے کے بے حد قریب ریلوے لائن بچھانے کے معاملے کے سلسلے میں ایئر پورٹ اتھارٹی آف انڈیا کے ساتھ بات چیت کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ Yelahanka تک ریلوے لائن کو ڈبل کرنے سے سفر کی سہولت میں اضافہ ہوگا۔

Cantonment ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک ہزار 800 مربع میٹر کے رقبے میں جدید ترین سہولتوں اور interiors کے ساتھ نیا جدید ترین ریلوے اسٹیشن تعمیر کیا جائے گا۔ اشونی ویشنو نے مزید کہا کہ بینگلورو شہر اور وہائٹ فیلڈ کے درمیان ریلوے لائن کو چار لین بنانے کے کام پر بہتر پیش رفت ہو رہی ہے۔ وندے بھارت اور نمو بھارت ریپڈ ریل اور امرت بھارت ریل سمیت ریلوے کی نئی خدمات کو متعارف کرانے کے سلسلے میں وزیر موصوف نے کہا کہ اِن ٹرینوں کے سلسلے میں مسافروں میں بے حد جوش و خروش پایاجا رہا ہے۔ اِن ٹرینوں کی 80 سے 100 فیصد سیٹیں بک ہوتی ہیں۔ x

## Parlhad Germany Visit

نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرلہاد جوشی کل سے جرمنی کا تین روزہ دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ پائیداری سے متعلق دو روزہ Hamburg کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ جناب جوشی پائیدار ترقی، گرین ہائیڈروجن، کم شرح پر قرض اور قابل تجدید توانائی سے متعلق مکمل ویلیو چین میں اشتراک بڑھانے کے بارے میں جرمنی، برطانیہ اور دیگر سینئر عہدیداروں کے ساتھ کئی باہمی میٹنگیں بھی کریں گے۔ اُن کے اِس دورے کا مقصد بھارت-جرمنی تعلقات کو مستحکم کرنا، کاروباری امکانات تلاش کرنا اور ملک اور عالمی سطح پر قابل تجدید توانائی کی توسیع میں اضافہ کرنا ہے۔x

## Israel Strikes Tripoli

اسرائیل کے ایک فضائی حملے نے آج صبح سویرے لبنان کے شمالی طرابلس کو نشانہ بنایا۔ یہ پہلا موقع ہے جب یہ شہر اسرائیل اور لبنان کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران متاثر ہوا ہے۔ طرابلس شہر پر یہ حملہ، بیروت کے مضافاتی علاقوں میں سلسلے وار بمباری کے بعد ہوا ہے۔ اسرائیلی فورسز جنوبی لبنان میں نئے زمینی حملے کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ خطے میں بڑھتے تنازع کے دوران حالات بدستور کشیدہ ہیں۔ اسرائیل نے لبنان پر اپنے فضائی حملے تیز کر دیئے ہیں اور اس نے اسرائیل-لبنان سرحد سے باہر اپنی فوجی کارروائیوں کو وسعت دی ہے جہاں وہ حزب اللہ کے ساتھ برسرکار پیکار ہے۔ حالیہ بمباری نے جنوبی بیروت میں حزب اللہ کے مضبوط ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔x

## Isreal Iran

اسرائیلی فوج نے 7 اکتوبر کے حملے کے ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر متعدد محاذوں پر اپنی کارروائیاں تیز کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ اس میں ایران کے گزشتہ ہفتے کے بڑے پیمانے پر بیلسٹک میزائل حملے کے خلاف اہم اور سنگین نوعیت کی جوابی کارروائی بھی شامل ہے۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ اِس ہفتے کے شروع میں ایران پر جوابی حملے کیلئے تیاریاں کی جا رہی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Vinod Kumar

ایک اور پیش رفت میں امریکی سینٹرل کمانڈ فورسز نے یمن کے حوثی کے زیر کنٹرول علاقوں میں ایرانی حمایت یافتہ اُس کے 15 ٹھکانوں پر حملے شروع کر دیئے ہیں۔
آج سہ پہر کیے گئے اِن حملوں میں حوثی فوج کی صلاحیتوں کو نشانہ بنایا گیا۔ CENTCOM نے کہا کہ امریکی فورسز کی یہ کارروائیاں امریکہ اور اس کے اتحادی ملکوں اور تجارتی جہازوں کے بحری سفر کی آزادی اور بین الاقوامی سمندر کے محفوظ رہنے کو یقینی بنانے کے لئے انجام دی گئیں۔
دوبئی سے ونود کمار شرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم

## Cricket Women T20

خواتین کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں گروپ بی کے تحت شارجہ میں انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ جاری ہے۔ انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ انگلینڈ نے مقررہ 20 اوورس میں سات وکٹ کے نقصان پر 118 رن بنائے ہیں۔
اِس سے پہلے گروپ اے کے ایک مقابلے میں آسٹریلیا نے سری لنکا کے 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ سری لنکا کی ٹیم ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے محض 93 رن ہی بنا پائی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆